1989ء سے مسلسل اشاعت
23 جون تا 6 جولائی 2023 | شمارہ نمبر 27-26 | جلد نمبر 35
MC - 547 Price Rs. 100/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

FAIR TRADE (Pvt) Limted
A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER
Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
Brands



## Products of PINDO DELI

## ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED
International Business Management™

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleemibm@cyber.net.pk,
Web : ibmpakistan.com

Brands Icon of Pakistan 2010-11
Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

**پیپر بزنس**

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز:** (سالانہ)

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# کسٹم انٹیلی جنس کا نجی گودام پر چھاپہ، اسمگل شدہ A4 سائز پیپر برآمد

## آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے دکانداروں کو پہلے ہی انتباہ جاری کر دیا تھا کہ وہ اسمگل شدہ اشیا خریدنے سے باز رہیں



چھاپے کے دوران پکڑے گئے A4 سائز کے بکسز

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مارکیٹ ذرائع نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ڈائریکٹر جنرل انٹلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن ریجنل آفس ایف بی آر کراچی نے گزشتہ دنوں ایک نجی گودام پر چھاپہ مار کر اے فور سائز کے لکی باس برانڈ کے دس ہزار بکسز برآمد کر لئے جو کہ افغانستان کے ٹرانزٹ کے نام پر درآمد کرنے کے بعد پاکستان اسمگل کر دیئے گئے تھے۔ ان بکسز کی مالیت 8 کروڑ روپے بتائی جاتی ہے۔ اطلاعات کے مطابق اس موقع پر گودام کے مالک کو گرفتار کر لیا گیا ہے جبکہ افغانستان سے تعلق رکھنے والا اسمگلر موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ واضح رہے کہ تین ہفتے قبل ایک سرکلر کے ذریعے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے پیپر مارکیٹ کراچی، لاہور، پشاور اور کوئٹہ سمیت دیگر شہروں کے تمام دکانداران بالخصوص اراکین اپیما کو مطلع کر دیا تھا کہ ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس و انویسٹی گیشن، ایف بی آر، ریجنل آفس کراچی کی ایک ٹیم نے اپیما سے رابطہ کیا اور اپیما کراچی دفتر کا دورہ کیا۔ ڈی جی آئی اینڈ آئی کی ٹیم نے پیپر مرچنٹس کے عہدیداران کو بتایا تھا کہ مصدقہ اطلاعات ہیں کہ پیپر مارکیٹ کے بعض دکاندار افغانستان سے اسمگل شدہ کاربن لیس پیپر، اسٹیکر پیپر، فوٹو کاپی پیپر اور دیگر پرنٹنگ مٹیریل کی خرید و فروخت میں ملوث ہیں۔ ٹیم نے مزید بتایا کہ کسٹم انٹیلی جنس نے چند نجی گوداموں پر چھاپے مارے ہیں اور چند افغان شہریوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں / ایجنٹوں / اور دکانداروں کو گرفتار کیا ہے جنہوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ وہ 40-50 کنٹینرز روزانہ پیپر مارکیٹ کے دکانداروں کو فروخت کر رہے ہیں، اس موقع پر ٹیم نے عہدیداران کو بعض دکانداروں کے نام بھی بتائے تھے جو ان اسمگل شدہ اشیاء کی خرید و فروخت میں ملوث تھے۔ سرکلر میں اپیما نے اس غیر قانونی کام میں ملوّث تمام دکانداروں بالخصوص اپنے ممبران کو ان کے اپنے مفاد میں متنبہ کر دیا تھا کہ وہ اس غیر قانونی تجارت اور حرام کام سے باز رہیں اور اگر کوئی شخص / دکاندار پیپر سے متعلق اسمگل شدہ اشیاء کی خرید و فروخت میں ملوّث پایا گیا تو اپیما خود اس کی اطلاع کسٹم انٹیلی جنس کو بلا جھجک فراہم کر دے گی اور ملوّث دکاندار کے خلاف کسٹم انٹیلی جنس یا دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائی کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات اور پریشانیوں کا خود ذمہ دار ہوگا اور اپیما اس کی کوئی مدد نہیں کرے گی۔ اپیما نے کہا تھا کہ تمام دکاندار درآمدی اشیاء کی خریداری قابل اعتبار دکاندار / امپورٹر سے اس کی قانونی درآمد کے ثبوت کے ساتھ کریں تاکہ مستقبل میں کسی بھی پریشانی سے بچا جا سکے۔

عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے باعث ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاءاللہ 7 جولائی 2023ء کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔ (ادارہ)







یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پیکجنگ کے منظم ادارہ کے ڈائریکٹرز بھی بینک قرضہ اور پیپر مرچنٹس کے 15 کروڑ روپے لے کر فرار

## سنچری پیکجز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز محمد اسلم قریشی اور ان کے صاحبزادے سلمان اسلم نے بینکوں کے پاس گروی رکھی مشینری بھی فروخت کردی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مقامی اخبارات میں شائع شدہ اشتہارات اور مارکیٹ ذرائع کی مصدقہ اطلاعات کے مطابق پیکجنگ کے شعبے کا ایک منظم ادارہ سنچری پیکجز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز بینکوں سے اربوں روپے کے قرضے اور مقامی پیپر مارکیٹ کے دکانداروں کے بھی کروڑوں روپے ہڑپ کر کے ملک سے فرار ہو گئے ہیں۔ اس سلسلے میں مقامی اخبارات میں گزشتہ ماہ ایک اشتہار شائع ہوا تھا جس میں کمپنی کے دونوں ڈائریکٹرز محمد سلمان اسلم اور محمد اسلم قریشی کو 24 مئی 2023 تک بینکنگ کورٹ II کراچی میں حاضری کا حکم دیا گیا تھا لیکن اطلاعات کے مطابق وہ حاضر نہیں ہوئے ہیں۔ سنچری پیکجز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز ایک ایک کر کے کینیڈا فرار ہو گئے، انہوں نے اپنی بینک میں گروی رکھی ہوئی تمام پرنٹنگ مشینیں، اثاثے، دیگر ساز وسامان فروخت کرنے کے علاوہ پیپر مرچنٹس کے بھی کروڑوں روپے کی رقم ہڑپ کر کے بھاگ گئے۔ سنچری پیکجز (پرائیویٹ) لمیٹڈ جو کورنگی کراچی میں واقع ہے، کے ڈائریکٹرز محمد اسلم قریشی، سلمان اسلم، نعمان اسلم اور دیگر مختلف بینکوں اور مالیاتی اداروں کے پاس اپنی پرنٹنگ مشینوں کو رہن رکھ کر اربوں روپے کے پیشگی قرضے لیتے رہے ہیں۔ پاک اومان انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، اوریکل کارپوریشن اور کچھ شیڈول بینک بھی شامل ہیں، ان ڈائریکٹرز نے دھوکہ دہی سے اپنی رہن شدہ پرنٹنگ مشینیں فیصل آباد کے تاجروں کو فروخت کردیں۔ اس معاملے میں پاک عمان انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، نے قانونی مقدمہ نمبر 75/2023 کراچی میں درج کرا کے بینکنگ کورٹ نمبر II سے رجوع کرلیا ہے معتبر ذرائع کے مطابق محمد اسلم قریشی اور ان کے ڈائریکٹر بیٹوں نے کراچی پیپر مارکیٹ کے کچھ تاجروں سے تقریباً 150 ملین روپے کا فراڈ بھی کیا۔ قابل اعتماد ذرائع کے مطابق مبینہ مشینیں پاک عمان انوسٹمنٹ کمپنی کے پاس 80 ملین روپے میں رہن تھیں لیکن ڈائریکٹرز نے غیر قانونی طور پر 500 ملین روپے کی مشینیں 260 ملین روپے میں فیصل آباد کے خریدار کو فروخت کیں اور پوری رقم ہنڈی (منی لانڈرنگ) کے ذریعے کینیڈا ابھجوا دی۔ رقم کی وصولی کے لیے پاک عمان انویسٹمنٹ کمپنی نے سنچری پیکجز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز کے خلاف مقدمہ دائر کیا اور دیگر مالیاتی ادارے بھی اس سلسلے میں قانونی کارروائی کی تیاریاں کررہے ہیں۔ مزید برآں حکومت عمان نے پاکستان کے ادارے ایف آئی اے سے ٹھوس قانونی کارروائی کی درخواست کی ہے اور مفرور مجرموں کو واپس لانے کے لیے ریڈ وارنٹ کے لیے انٹرپول کے ذریعے مقدمات چلانے کے لئے کہا ہے۔

# کچھ یادیں، کچھ باتیں







90 کی دہائی میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون میں فعال رکن محمد طاہر (ماسٹر کاپی والے) نے عرصہ دراز کے بعد اپیما کی ''عید ملن'' تقریب منعقدہ 6 جون اور حاجی عبدالسلام (یونیورسل پیپر مارکٹ) کے پوتے کی دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔ اس موقع پر 90 کی دہائی کے فعال اراکین سابق چیئرمین بزنس مین پینل عبدالمجید میمن اور موجودہ چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا کے علاوہ محمد ویانی، ناصر قاسم، شہزاد احمد، زین الدین سنیل، ایڈیٹر پیپر بزنس محمد رؤف کے علاوہ شکیل پانی والا، انجم الحسن، عون قریشی، طٰہ ناصر، محمد عقیل، شعیب، مجید میمن، نوید طاہر کا گروپ، اس موقع پر ماضی کے جھروکوں سے دلچسپ بات چیت ہوئی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

CPP Services Private Limited

UPG 联强集团 UP GROUP

# World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

| | |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FB FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根<br>上海德拉根印刷机械有限公司<br>SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI<br>浙江国威智能设备有限公司<br>Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN®<br>盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明<br>GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# 2022میں رائٹنگ پیپر 4810.1390اور 1990میں 14 ہزار ٹن کا اضافہ

## سیلف کاپی پیپر کی درآمد میں 900 ٹن تک کمی، مالیت میں 1122 ملین سے کم ہو کر 1107 ملین رہ گئی

# Import of Writing & Graphics Paper From World

## Import By Commodites And Countries

| HS Code | Countries | JUL 21 TO JUN 22 | | JUL 20 TO JUN 21 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Quantity - Kg | Rupees in 000 | Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 48092000 | SELF COPY PAPER | | | | |
| | China | 2,244,749 | 566,355 | 3,445,024 | 727,657 |
| | Indonesia | 1,971,524 | 533,839 | 1,662,867 | 394,315 |
| | Sweden | 17,792 | 6,084 | ...... | ...... |
| | Switzerland | 2,268 | 823 | 1,554 | 368 |
| | U.S.America | 1,071 | 285 | ...... | ...... |
| | **Total** | **4,237,404** | **1,107,386** | **5,109,445** | **1,122,340** |
| 48099000 | OTHER COPYING / TRANSFER PAPERS | | | | |
| | China | 1,937,309 | 583,710 | 1,148,310 | 289,362 |
| | Indonesia | ...... | ...... | 24,316 | 2,515 |
| | Korea | 2,476,554 | 815,313 | 2,108,834 | 501,308 |
| | Netherlands | 25,288 | 6,770 | 33,865 | 8,187 |
| | Turkey | 35,426 | 13,263 | 15,879 | 5,049 |
| | U A E | 45,041 | 12,116 | 108 | 23 |
| | **Total** | **4,519,618** | **1,431,172** | **3,331,312** | **806,444** |
| 48101310 | ART PAPER COATED IN ROLLS | | | | |
| | Australia | 41,751 | 6,256 | 19,394 | 2,126 |
| | Austria | ...... | ...... | 103,626 | 23,580 |
| | Belgium | 40,670 | 5,883 | 218,566 | 26,729 |
| | Canada | 14,767 | 2,228 | 9,500 | 1,057 |
| | China | 1,034,841 | 189,773 | 575,146 | 70,930 |
| | Europien Union | 192,291 | 30,196 | 504,604 | 67,265 |
| | Germany | 428,372 | 82,630 | 385,355 | 60,186 |
| | Indonesia | ...... | ...... | 45,026 | 5,573 |
| | Italy | 558,645 | 144,182 | 648,334 | 150,584 |
| | Japan | 9,172,867 | 1,425,137 | 8,288,419 | 949,681 |
| | Korea | 96,371 | 14,469 | 47,401 | 7,348 |
| | Sweden | 94,598 | 14,528 | 188,373 | 24,632 |
| | U.S.America | 188,656 | 30,872 | 665,250 | 72,809 |
| | United Kingdom | 16,189 | 2,493 | 14,321 | 2,296 |
| | **Total** | **11,880,018** | **1,948,647** | **11,713,315** | **1,464,796** |
| 48101320 | WRITING PAPER COATED / 1 MPG, ROLL | | | | |
| | China | 377,705 | 66,385 | 66,385 | 9,554 |
| | Japan | ...... | ...... | 60,656 | 5,082 |
| | U.S.America | ...... | ...... | 125,331 | 10,611 |
| | **Total** | **377,705** | **66,385** | **252,372** | **25,247** |
| 48101910 | OTHER WRITING PAPER | | | | |
| | China | 2,541,513 | 419,119 | 4,564,533 | 526,172 |
| | Japan | 24 | 4 | 87,860 | 10,351 |
| | **Total** | **2,541,537** | **419,123** | **4,652,393** | **536,523** |

| HS Code | Countries | JUL 21 TO JUN 22 | | JUL 20 TO JUN 21 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Quantity - Kg | Rupees in 000 | Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 48101390 | OTH WRITING / READING GRAPHIC IN ROLL | | | | |
| | Australia | 69,931 | 10,711 | 9,346 | 1,209 |
| | Belgium | 129,002 | 18,229 | 6,050 | 734 |
| | Canada | 28,350 | 4,438 | 20,434 | 2,626 |
| | China | 116,646 | 20,714 | 196,295 | 22,562 |
| | Europien Union | 13,000 | 2,283 | 53,951 | 8,262 |
| | Germany | 22,805 | 2,797 | 3,035 | 379 |
| | Indonesia | 149,625 | 39,306 | 6,840 | 2,155 |
| | Japan | 751,136 | 129,241 | 1,183,829 | 134,438 |
| | Malaysia | 102,100 | 26,905 | 2,500 | 350 |
| | Netherlands | 17,486 | 7,883 | 1,513 | 221 |
| | U.S.America | 411,560 | 73,197 | 295,085 | 36,644 |
| | U A E | 24,382 | 6,255 | 19,674 | 2,337 |
| | United Kingdom | 72,069 | 15,735 | 13,481 | 1,687 |
| | Viet Nam | 363,794 | 65,752 | 49,551 | 13,253 |
| | **Total** | **2,271,886** | **423,446** | **1,861,584** | **226,857** |
| 48101990 | OTH WRITING PAPER / PAPER BOARD | | | | |
| | Australia | 66,600 | 10,434 | 150 | 19 |
| | Canada | 52,170 | 8,633 | 27,230 | 3,977 |
| | China | 18,864,579 | 3,428,261 | 10,847,788 | 1,357,918 |
| | Europien Union | 133,070 | 19,271 | 139,884 | 16,174 |
| | Finland | 31,870 | 4,924 | 20,949 | 6,106 |
| | Indonesia | 71,652 | 12,946 | ...... | ...... |
| | Italy | 142,794 | 36,188 | ...... | ...... |
| | Japan | 2,439,427 | 428,890 | 1,837,240 | 201,707 |
| | Korea | 1,233,706 | 222,862 | 154,533 | 21,414 |
| | Malaysia | 205,031 | 30,300 | ...... | ...... |
| | Netherlands | 2,279 | 423 | 50 | 26 |
| | Sweden | 33,940 | 5,939 | ...... | ...... |
| | U.S.America | 374,974 | 61,881 | 193,710 | 21,654 |
| | U A E | 18,212 | 3,851 | 13,935 | 1,794 |
| | United Kingdom | 66,124 | 12,646 | 61,389 | 7,025 |
| | **Total** | **23,736,428** | **4,287,449** | **13,296,858** | **1,637,814** |

| Grandt Total of Jul 21 To Jun 22 | |
|---|---|
| Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 49,564,596 | 9,683,608 |

| Grandt Total of Jul 20 To Jun 21 | |
|---|---|
| Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 40,217,279 | 5,820,021 |


Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# مقامی بلیچ بورڈ، آرٹ کارڈ، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، سنچری ڈپلیکس بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی کے ساتھ کچھ تیزی دیکھنے میں آئی اور 21 جون 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری ، کیپٹن کوٹڈ سنچری ، وائٹ فلاور (وائٹ بیک ( کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ پنڈو آرٹ کارڈ ، آفسیٹ آئی کے ، مقامی بلیچ بورڈ بلھے شاہ پیکیجنگ، اسٹیکر پیپر یونگی چائنا ، گولڈن ٹیک جی ایس ایف اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 550 روپے سے کم ہو کر 530 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری تمام سائز 230 گرام کی ریل 298 روپے، تمام سائز 275 -250 گرام کی ریل 286 روپے، تمام سائز 300،350 اور 400 گرام کی ریل 280 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 230 گرام کی شیٹس 310 روپے، تمام سائز 250-275 گرام کی شیٹس 298 روپے، تمام سائز 300۔350 اور 400 گرام کی شیٹس 292 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کیپٹن کوٹڈ سنچری کی 230 گرام کی ریل 316 روپے، تمام سائز 275-250 گرام کی ریل 304 روپے، 300۔ 325 اور 350 گرام کی ریل 298 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 230 گرام کی شیٹس 328 روپے ، تمام سائز 275-250 گرام کی شیٹس 316 روپے ، تمام سائز 300۔ 325 اور 350 گرام کی شیٹس 310 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ فلاور ( وائٹ بیک ) کی 300 گرام سے کم کی ریلز 316 روپے فی کلو اور شیٹس 328 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ 300 گرام سے زائد کی ریلز 310 روپے ، جبکہ شیٹس 322 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ سپریم تمام سائز تمام گرام، 145 روپے سے بڑھ کر 155 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ نووا پلس تمام سائز تمام گرام ، 188 روپے سے کم ہو کر 182 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی بلیچ بورڈ ) بلھے شاہ پیکیجنگ ملز ،(وائٹ بلیچ بورڈ کی 185-192 گرام کی ریل 408 روپے فی کلو اور شیٹس 414 روپے فی کلو میں دستیاب ہے۔ کوٹڈ بلیچ بورڈ کی 208 گرام کی ریل 419 روپے اور شیٹس 430 روپے، جبکہ 240-270 ، گرام کی ریل 413 روپے اور شیٹس 424 روپے فی کلو میں دستیاب ہے۔ کوٹڈ بلیچ بورڈ وائٹ شیڈ کی 300 -240 گرام کی ریل 419 روپے اور شیٹس 430 روپے فی کلو میں دستیاب ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 600 روپے سے کم ہو کر 590 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام ، 1280 روپے سے کم ہو کر 1270 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1280 روپے سے کم ہو کر 1275 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1265 روپے سے کم ہو کر 1240 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام 1700 ، روپے سے کم ہو کر 1600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1800 روپے سے کم ہو کر 1700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4300 روپے سے کم ہو کر 4200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 420 ، روپے سے کم ہو کر 4100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# ٹیکس نیٹ میں اضافہ تجاویز برقرار رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک ) اپوزیشن کی جانب سے مخالفت کے باوجود تربیتی اور بے قاعدگیوں کو دور کرنے والی کمیٹی نے 99 ڈی کے تحت 50 فیصد آمدن کو ٹیکس نیٹ کے تحت لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت نے کچھ تبدیلیوں اور ترامیم کے ساتھ عمل درآمد کیلئے تجاویز کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کیلئے عرصہ 5 سال سے کم کر کے دو سال کیا جا سکتا ہے۔ لیکن حتمی فیصلہ وفاقی کابینہ میں مشاورت کے بعد ہوگا۔ سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ 99 ڈی کی ٹیکس تجاویز کچھ احاطہ سازی کے ساتھ برقرار رہیں گی۔ قبل ازیں مذکورہ کمیٹی نے حکومت کو تجاویز ختم کرنے یا دستوری تبدیلیوں کی پارلیمنٹ سے سفارش کی تھی۔ تاہم حکومت نے کچھ تبدیلیوں کے ساتھ بجٹ کی حتمی منظوری میں تجاویز کو برقرار رکھنے کو ترجیح دے گی۔ جس کی رواں ہفتے پارلیمنٹ سے منظوری حاصل کی جائے گی۔ ایف بی آر نے فنانس بل 24-2023ء میں مخصوص آمدن اور منافع پر اضافی ٹیکس کیلئے 99 ڈی تجویز کیا۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار نے منگل 20 جون کو بزنس اور ٹیکنیکل کمیٹیوں کے اختتامی اجلاس کی صدارت کی۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے کے لیے
سالانہ شرح =/3000 بیرون کراچی
سالانہ شرح =/2500 کراچی
ہر ہفتے پیپر بزنس کے پرنٹ ایڈیشن کی PDF فائل
آپ کے موبائل پر صرف
=/1500 روپے میں



(اس میں کوریئر/ڈاک چارجز شامل ہیں)



CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کنٹینرز ٹرمینل آپریشنز کیلئے یو اے ای سے مذاکرات، کمیٹی کے قیام کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کابینہ کی کمیٹی برائے بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز نے پاکستان انٹرنیشنل کنٹینرز ٹرمینل کے آپریشن کیلئے حکومت پاکستان اور یو اے ای کی حکومت کے درمیان فریم ورک معاہدے کے مسودے پر مذاکرات کیلئے کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کابینہ کی کمیٹی برائے بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز کا اجلاس پیر 19 جون 2023 کو یہاں وفاقی وزیر خزانہ محصولات سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر بحری امور سید فیصل سبزواری، وفاقی وزیر بجلی خرم دستگیر خان، وزیر تجارت سید نوید قمر، معاون خصوصی محصولات طارق پاشا، اٹارنی جنرل آف پاکستان، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری بحری امور، سیکرٹری قانون وانصاف اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ کمیٹی نے پاکستان انٹرنیشنل کنٹینرز ٹرمینل کے آپریشنز مینجمنٹ سے متعلق سمری کا جائزہ لیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ متحدہ عرب امارات کی حکومتی کمپنی ابوظہبی پورٹس نے کنٹینرز ٹرمینل کے آپریشن میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ کمیٹی نے تفصیلی بحث و مباحثہ کے بعد بین الحکومتی کمرشل ٹرانزیکشنز ایکٹ مجریہ 1922 کے تحت حکومت پاکستان اور یو اے ای کی حکومت کے درمیان فریم ورک معاہدے کے مسودے پر مذاکرات کیلئے کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ اس معاہدے کے بعد دونوں ممالک کے درمیان بحری امور کے شعبہ میں تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔

## پابندیوں کی وجہ سے ڈالر کا غلبہ کم ہو رہا ہے، امریکی وزیر خزانہ کا اعتراف

کراچی (نیوز ڈیسک) امریکی وزیر خزانہ جینیٹ یالین نے اعتراف کیا ہے کہ مختلف ملکوں پر امریکا کی جانب سے پابندیاں عائد کرنے کے بعد کئی ممالک تجارت اور لین دین میں ڈالر کے متبادل کی تلاش پر مجبور ہیں۔ بین الاقوامی مالیاتی نظام کی حالت پر بحث کیلئے ہاؤس فنانشل سروسز کمیٹی کے سامنے اپنی سالانہ پیشی کے دوران اعتراف کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مختلف ملکوں پر پابندیوں کی وجہ سے ڈالر کے غلبے کو نقصان ہو رہا ہے اور عالمی معیشت میں ڈالر کا استعمال کم ہوتا جا رہا ہے۔

# وزیراعظم اور وزیرخزانہ کی آئی ایم ایف پروگرام بحالی کی کوششیں

## اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت مزید دو روپے کم، عالمی جریدے معاہدہ نہ ہونے پر مشکلات کی پیش گوئی کر رہے ہیں

کراچی (بزنس ڈیسک) آئی ایم ایف پروگرام بحال کرنے کے لیے وزیراعظم کی سفارتی سطح پر کوششوں اثر و رسوخ رکھنے والے ایک درجن سفارتکاروں سے ملاقات میں پروگرام کی بحالی میں اپنا کردار ادا کرنے کی درخواست اور گھٹی ہوئی ڈیمانڈ کے باعث زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں منگل 20 جون کو ڈالر کی نسبت روپیہ تنگڑا رہا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز انٹربینک اور اوپن ریٹ کے درمیان فرق 2 فیصد کے قریب رہ گیا۔ ڈالر کے اوپن ریٹ گھٹ کر 292 روپے پر پہنچ گئے۔ عالمی جریدے کی آئی ایم ایف سے معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں پاکستان کے معاشی حالات بگڑنے کی پیشگوئی کے باوجود منگل زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں ڈالر کے طلب گار غائب رہے۔

# پاکستان شپ ایجنٹس کیلئے فریٹ ٹیکس معاف کیا جائے، شہزاد علی ملک

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈریشن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) میں بزنس کمیونٹی کی نمائندہ تنظیم یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے چیئرمین شہزاد علی ملک نے وفاقی محصولاتی ادارے ایف بی آر کی ٹیم کو تجارت اور صنعت کو زیادہ سے زیادہ ریلیف، آئی ٹی سیکٹرز کے لیے خاطر خواہ مراعات کے ساتھ سالانہ بجٹ مرتب کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ایف بی آر کے چیئرمین عاصم احمد کی توجہ میں فریٹ ٹیکس کا ایک طویل عرصے سے زیر التوا مسئلہ بھی دلائی ہے اور تجویز پیش کی کہ پاکستان میں کاروبار کرنے کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے لیے فریٹ ٹیکس کو مکمل طور پر معاف کر دیا جائے۔ چیئرمین یو بی جی شہزاد ملک نے ایف بی آر کے چیئرمین سے کہا ہے کہ جیسا کہ پاکستان شپ ایجنٹس ایسوسی ایشن (پی ایس اے اے) نے تجویز کیا ہے کہ فریٹ ٹیکس کی چھوٹ نہ صرف برآمدکنندگان اور درآمدکنندگان دونوں کے لیے غلط دستاویزات کی روک تھام اور کاروباری دستاویزات کے عمل کو آسان بنائے گی بلکہ اس کے ذریعے مال بردار ٹیکس کی مختصر ادائیگی کو بھی روکے گی۔ یہ برآمدکنندگان کی حوصلہ افزائی بھی کرے گا کہ وہ اپنی مصنوعات کی سی اینڈ ایف کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ فروخت کریں اور درآمدکنندگان کو فریق ثالث کی مداخلت کے اخراجات کی بچت کے ساتھ ایف او بی کی بنیاد پر اپنی درآمدات کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے مواقع ملیں گے۔ چیئرمین یو بی جی سندھ خالد تواب کو پوری امید ہے کہ چیئرمین ایف بی آر قومی مفاد کے اس اہم معاملے کو دیکھیں گے اور تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ خالد تواب نے یہ بھی کہا کہ یونائیٹڈ بزنس گروپ کا وفد اس اہم ترین مسئلے پر جلد ہی مثبت فیصلے کے لیے چیئرمین ایف بی آر کے ساتھ ساتھ وفاقی وزیر برائے بحری امور فیصل سبزواری سے ملاقات کرے گا جس کے نتیجے میں کاروبار کرنے کی لاگت میں کمی، برآمدات میں بہتری آئے گی اور اس جدوجہد کا بنیادی مقصد برآمدکنندگان اور درآمدکنندگان دونوں کے لیے بچت اور کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنا ہے۔ خالد تواب نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ حکومت پاکستان شپس ایجنٹس کے فریٹ ٹیکس کو معاف کرنے کیلئے فوری اقدام کرے گی۔

# پاکستان کی درآمدات پر مبنی معیشت نادہندگی کے کنارے پر کھڑی ہے، امریکی ریڈیو

واشنگٹن (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) پاکستان قرض کے بحران کا شکار ہے اسے جون کے آخر تک اپنے قرض کا سود اور قسطیں اتارنے کے لیے اربوں ڈالر چاہئیں اور اس کا خزانہ تقریباً خالی ہے۔ آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ ڈیل کی امیدیں دم توڑ رہی ہیں اور ماہرین کا کہنا ہے کہ ہوسکتا ہے پاکستان نادہندگی سے تو بچ نکلے لیکن صورتحال مزید سنگین ہوتی جائے گی۔ پاکستان جیسے سیلاب، سیاسی عدم استحکام اور کووڈ کی وجہ سے رسد سے متعلق دھچکوں کا سامنا رہا ہے اس کی امپورٹ پر منحصر معیشت مئی مہینوں سے نادہندگی کے کنارے پر ہے اور ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر مسلسل کم ہو رہے ہیں۔ امریکی ریڈیو کے مطابق پاکستان کا بیرونی قرض 2022 کے آخر تک 126 ارب ڈالر تھا اور ملک کی زیادہ آمدن قرض کا سود اور قسطیں اتارنے میں خرچ ہو رہی ہیں۔ جون میں پاکستان کو اپنے قرض دہندگان کے 3.6 ارب ڈالر ادا کرنا ہوں گے۔ اسٹیٹ بینک کے گورنر کے مطابق 400 ملک ڈالر ادا کر دیئے ہیں ہیں جبکہ 2.3 ارب ڈالر کے قرض میں توسیع ہوجائے گی اس کے باوجود ملک کو 900 ملین ڈالر ادا کرنا ہوں گے جبکہ اسٹیٹ بینک کے پاس مجموعی ذخائر 4 ارب ڈالر کے ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# بارٹر ٹریڈ سے تاجروں سمیت عوام بھی مستفید ہوسکتے ہیں، ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز

کوئٹہ (بزنس ڈیسک) چار فریقی برآمدات و درآمدات کے نئے طریقہ کاروبار سے تاجروں سمیت عام عوام بھی مستفید ہوسکیں گے ہمسایہ ممالک پاکستان، افغانستان، ایران اور روس کے مابین مال کے بدلے مال کے نئے طریقہ بارڈر ٹریڈ سے خطے میں استحکام اور کاروباری سرگرمیوں کو مزید فروغ ملے گا۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز چوہدری عمران افضل نے مال کے بدلے مال کے تحت رائج ہونے والے نئے بارٹر ٹریڈ طریقہ کار کے حوالے سے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آگاہی سیشن میں تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول کاروباری حضرات، چیمبر ز ممبران اور کسٹم افسران نے شرکت کی۔ آگاہی سیشن کے آغاز میں شرکاء کو جاری ایس آر او نمبری 2023(1)642 جاری کردہ یکم جون 2023 کے تحت وسیع پیمانے پر شروع ہونے والے نئے برآمدات و درآمدات کے طریقہ کار سے آگاہی فراہم کی گئی۔ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری عمران افضل نے کہا کہ نئے طریقہ بارٹر ٹریڈ سے نارمل طریقہ کار پر کوئی اثر نہیں پڑے گا جو کہ جیسا ہے ویسا ہی جاری رہے گا۔ پاکستانی اشیاء قلیل مقدار میں برآمد کی جاتی ہیں جبکہ درآمدات کا توازن اس سے کہیں زیادہ ہے نئے طریقہ کار سے پاکستانی اشیاء کی وافر مقدار میں برآمدات شروع ہوجائیں گی اس سلسلے میں ہمسایہ ممالک کے اعلیٰ حکام کے مابین پہلے ہی کئی سیشن ہوچکے ہیں۔ پاکستان کسٹمز بلوچستان کے تاجروں کو اس حوالے سے آگاہی سمیت انکی رہنمائی اور انکے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے ہوئے ہے ۔آخر میں شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دیئے گئے۔

## تاجر تنظیموں نے ودہولڈنگ ٹیکس مسترد کردیا

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سمیت دیگر مختلف تاجر تنظیموں نے وفاقی حکومت کی جانب سے نئے مالی سال کے بجٹ میں بینکنگ ٹرانزیکشنز پر عائد کئے گئے 0.6 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس مسترد کردیا ہے۔ تاجران کا کہنا ہے کہ ماضی میں بھی یہ تجربہ کیا گیا تھا جو ناکام ہوا۔ تاجروں کے مطابق بنکوں میں لوگوں کے پیسے موجود ہوتے ہیں اور پھر لوگ اپنی ہی رقم پر ٹیکس کیوں دیں۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ اگر یہ ٹیکس نافذ کرنے کی کوشش کی گئی تو بنکوں سے رقوم نکلوالی جائے گی اور بنکوں کے کھاتے خالی ہوجائیں گے۔

# پاکستان 83 فیصد مہنگائی کے ساتھ دنیا کا چھٹا مہنگا ترین ملک بن گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ورلڈ آف سٹیٹسٹکس نے دنیا بھر میں مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کردیئے۔ اعداد و شمار کے مطابق ملک میں مہنگائی کی شرح میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا، 38 فیصد شرح کے ساتھ پاکستان کا دنیا میں چھٹا نمبر ہے، وینزویلا، لبنان اور شام ابتدائی تین مہنگے ترین ممالک کی فہرست میں شامل۔ وینزویلا عالمی سطح پر مہنگا ترین ملک بن گیا، مہنگائی کی شرح 436 فیصد ریکارڈ کی گئی، اوپیک ممبر ملک وینزویلا امریکی پابندیوں کے سبب معاشی مشکلات کا شکار ہے۔ رپورٹ کے مطابق لبنان 269 فیصد افراط زر کی شرح سے دوسرا مہنگا ترین ملک قرار دیا گیا، شام میں مہنگائی بڑھنے کی شرح دنیا میں تیسری تیز ترین 139 فیصد ہے جبکہ پاکستان اڑتیس فیصد مہنگائی کے ساتھ چھٹے نمبر پر ہے۔ ورلڈ آف سٹیٹسٹکس کا کہنا ہے کہ سعودی عرب میں مہنگائی 2 اعشاریہ 8 فیصد سے بڑھ رہی ہے، برطانیہ میں مہنگائی بڑھنے کی شرح 8.7 فیصد، بھارت میں 4.24 ریکارڈ ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق افغانستان میں طالبان حکومت کے بعد قوت خرید میں ایک فیصد اضافہ دیکھا گیا جبکہ امریکہ میں مہنگائی بڑھنے کی شرح 4 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

# موڈیز نے ایک بار پھر پاکستان کے ڈیفالٹ کا خدشہ ظاہر کردیا

عالمی ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے دوبارہ پاکستان کے ڈیفالٹ ہونے کا خدشہ ظاہر کیا ہے، اور رپورٹ میں دیوالیہ ہونے کی اصل وجہ آئی ایم ایف پیکیج نہ ملنا، روپے کی قدر اور زرمبادلہ ذخائر میں کمی قرار دی گئی ہے۔ موڈیز نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ پاکستان آئی ایم ایف کے ساتھ 6.7 ارب ڈالر کے پروگرام پر بات چیت کا آغاز نہیں کرسکا ہے، پاکستان 30 جون کو ختم ہونے والا موجودہ پروگرام بھی نہیں چلا پائے گا۔ موڈیز نے اپنی رپورٹ میں خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پیکیج کے بغیر اور زرمبادلہ کے ذخائر انتہائی کم ہونے کی وجہ سے پاکستان کے ڈیفالٹ کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔

# پاکستان اور روس میں اعداد و شمار کے تبادلہ پر مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان اور روس نے پاکستان کسٹمز اور فیڈرل کسٹمز سروس (رشین فیڈریشن) کے درمیان باہمی تجارت کے بارے میں شماریاتی ڈیٹا کے تبادلے سے متعلق مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کردیئے۔ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط سینٹ پیٹرز برگ بین الاقوامی اقتصادی فورم کے موقع پر کئے گئے جو 14 سے 17 جون تک منعقد ہورہا ہے۔ روس میں پاکستان کے سفیر شفقت علی خان نے پاکستان کسٹمز کی جانب سے مفاہمت کی دستاویز پر دستخط کئے جبکہ سیکرٹری تجارت محمد صالح فاروقی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ مفاہمت کی یادداشت پر عملدرآمد کیلئے فریقین بیرونی تجارت کے اعداد و شمار مرتب کرنے کیلئے بروئے کار لائے جانے والے طریقہ کار کے بارے میں معلومات کے تبادلے، اس کی نمایاں تبدیلیوں اور اس کیساتھ ساتھ باہمی تجارت کے بارے میں شماریاتی اعداد و شمار کے تبادلے ماسوائے اس ڈیٹا کے جو ریاست یا تجارتی رازداری کے دائرہ کار میں آتا ہو، کے شعبہ میں تعاون کریں گے۔

# پاکستان سنگل ونڈو نے عالمی ای کامرس اتحاد کی رکنیت حاصل کرلی

کراچی (نیوز ڈیسک) ملک میں درآمدات اور برآمدات کے نظام کو ڈیجیٹل اور آسان تر بنانے کی جانب اہم پیش رفت' پاکستان کے قومی ادارے پی ایس ڈبلیو (پاکستان سنگل ونڈو) نے ای کامرس پر مشتمل عالمی اتحاد کی رکنیت حاصل کرلی ہے' پین ایشیائی ای کامرس الائنس (پی اے اے) کی رکنیت سے پی ایس ڈبلیو کو بین الاقوامی شناخت ملے گی اور وہ عالمی سطح کی مختلف بی ٹو بی اور بی ٹو جی سے منسلک ڈیٹا ایکسچینج منصوبوں میں شامل ہوسکے گا۔ بحیثیت رکن پی ایس ڈبلیو عالمی ادارے کے نئے اقدامات اور منصوبوں میں شرکت کرسکے گا جس کے ذریعے پی ایس ڈبلیو کا ریگولیٹری نظام تاجروں' سرکاری محکموں اور لاجسٹک اداروں کے لئے مفید ثابت ہوگا اور وہ کاروبار سے منسلک دستاویزات کو جدید طرز یعنی سرحد پار بلاک چین پلٹ فارم پر جانچ پڑتال کیلئے منتقل کرسکیں گے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پیپر سیکٹر اور نئی ڈیجیٹل دنیا

تحریر: نوید مرزا

اس وقت گلوبل پیپر سیکٹر خاص کر یورپ کا پلپ اور پیپر ڈویژن مشکلات کا شکار ہے مگر اس کی وجہ مارکیٹ کی کساد بازاری نہیں بلکہ اور بہت دوسرے عوامل ہیں جن میں پاور اور انرجی کی شارٹیج، ٹرانسپورٹیشن کی مشکلات اور روس یوکرائن جنگ کی وجہ سے ٹرانسپورٹیشن اور سیفٹی کے بھاری اخراجات شامل ہیں۔ اس سب کے باوجود پیپر سیکٹر کو کساد بازاری کا کوئی خطرہ نہیں کیونکہ گلوبل مارکیٹ میں آرڈرز کا انبار لگا ہوا ہے اور پیپر پروڈیوس کرنے والے ممالک میں کام کی کوئی کمی نہیں۔ ہاں البتہ اگر کسی چیز کی کمی ہے تو وہ ہے انرجی اور بروقت کام کر کے وقت پر ڈیلیوری دینے کا چیلنج۔ البتہ کام کی نوعیت اب کچھ بدل گئی ہے دو سے تین دہائیاں قبل پیپر مارکیٹ میں سب سے مقبول برانڈ نیوز پرنٹ اور میگزین پیپر ہوتے تھے اور بے تحاشہ پروڈکشن کے باوجود ڈیمانڈ میں کوئی کمی نہیں آتی تھی۔ نیوز پیپرز، رسالوں، ڈائجسٹوں کی اشاعت لاکھوں بلکہ بعض کی تو کروڑوں تک پہنچ گئی تھی مگر انٹرنیٹ اور ڈیجیٹل انقلاب کے بعد اب یہ ڈیمانڈ صفر کو چھو رہی ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں نیوز پرنٹ اور دوسرے پرنٹنگ برانڈز تقریباً ناپید ہونے کو ہیں جبکہ دوسرے برانڈز جو دفتری اور گھریلو ضروریات کے لیے اہم ہیں صرف وہی پروڈیوس کئے جا رہے ہیں۔

پیپر انڈسٹری اپنے روایتی پیپر برانڈز کے غائب ہونے کے باوجود ختم نہیں ہوئی بلکہ پہلے سے زیادہ پاور کے ساتھ میدان میں آ گئی ہے۔ پیپر پروڈکشن اور ضروریات میں اب تیزی کے ساتھ تبدیلیاں واقع ہو رہی ہیں۔ پہلے جن گھروں اور دفاتر میں اخبارات، رسالے، ڈائجسٹ، رائٹنگ پیپر، پرنٹنگ پیپر جاتے تھے اب وہاں ٹشو پیپر، آفشل پیپر، کاروگیٹڈ پیپر اور پیکیجنگ پیپر جا رہے ہیں اور بہت تیزی کے ساتھ ان کی ڈیمانڈ میں اضافہ ہو رہا ہے کیونکہ آن لائن خریداری کے رجحان نے دنیا میں ایک نئے انقلاب کی بنیاد رکھ دی ہے اور کروڑوں لوگوں کی نوکریوں کے مواقع بھی پیدا کر دیئے ہیں۔ دنیا کے تقریباً ہر ملک میں آن لائن خریداری کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے اور یہ صنعت اتنی تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے کہ اس کی ضروریات کو پورا کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک کے دفاتر میں زیادہ تر کام اب ڈیجیٹل اسکرین پر ہو رہا ہے اور پیپر کی ضرورت ختم ہوتی جا رہی ہے مگر دوسری جانب اس سامان کی پیکنگ کے لیے بھی پیپر کی ضرورت پڑ رہی ہے اور پیپر اپنا روپ بدل کر ایک نئے انداز سے سامنے آ رہا ہے۔

کووڈ اس سارے کاروبار کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس نئے وائرس نے دنیا کو ایک نئے کاروبار سے روشناس کرایا۔ کووڈ کے زمانے میں جب دنیا تھم سی گئی تھی اور دنیا کے زیادہ تر ممالک میں لاک ڈاؤن لگ گیا تھا ایسے میں لوگوں کو اشیائے ضروریہ پہنچانے کے لیے ایک بڑی تعداد میں ایسے لوگ ہائر کئے گئے جو تمام حفاظتی اقدامات کے ساتھ ضروری اشیا لوگوں کو گھروں تک پہنچاتے تھے، بہت سی جگہوں پر یہ کام عارضی بنیاد پر کیا گیا تاہم لاک ڈاؤن اور کووڈ کے دنیا سے خاتمے کے بعد یہ سلسلہ رکا نہیں اور لوگوں کو جیسے آن لائن خریداری کی عادت سی پڑ گئی اور یہ رجحان اتنی تیزی کے ساتھ بڑھا کہ اس وقت دنیا میں آن لائن خریداری اور ڈیلیوری کی مارکیٹ 80 بلین ڈالر تک پہنچ گئی ہے اور اس میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ آنے والے چند سالوں میں یہ تخمینہ 120 بلین ڈالر تک پہنچ جانے کی پیشگوئی ہے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ اس وقت دنیا میں ہر شخص کسی نہ کسی طرح کوئی نہ کوئی شے آن لائن خرید رہا ہے جس میں پیپر کا استعمال لا محالہ شرط ہے۔ اس ڈیمانڈ کو دیکھتے ہوئے پیپر سازی کی وہ کمپنیاں جو اپنا کاروبار بند کرنے کا سوچ رہی تھیں اب پھر سے کاروبار میں واپس آ رہی ہیں مگر اس بار کا کاروبار کا مختلف نوعیت کا ہے۔ اب زیادہ تر کاروبار پیکیجنگ اور پیکنگ میٹریل سے تعلق رکھتا ہے۔ جس کے لیے کسی فریش مال کی ضرورت نہیں بس کسی بھی ردی والے سے ردی لیجئے اور گھروں، دکانوں اور دفاتر سے پرانے اخبارات اور رسالے اور کاپیاں کتابیں جمع کر کے ری سائیکل پیپر تیار کر دیجئے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ممالک جو قدرتی وسائل کی کمی کی وجہ سے فریش پیپر تیار کرنے سے عاجز تھے اب بڑی مقدار میں کاروگیٹڈ اور ری سائیکل پیپر تیار کر رہے ہیں جیسے کہ چائنا، انڈیا، ویت نام، انڈونیشیا، ملائیشیا، تھائی لینڈ اور دوسرے۔



اقوام متحدہ کی جانب سے پلاسٹک اور دوسری مضر صحت مصنوعات پر پابندی کی تجویز نے سونے پر سہاگا کا کام کیا ہے اور دنیا میں تیزی کے ساتھ پلاسٹک کی مصنوعات کی جگہ لینے کے لیے پیپر مصنوعات کی مارکیٹ پیدا ہو رہی ہے اور بہت سی یونیورسٹیوں اور ریسرچ اداروں میں اس بات پر ریسرچ کی جا رہی ہے کہ پیپر کو کیوں کر پلاسٹک کا ایک بہترین نعم البدل ثابت کیا جائے۔

دنیا بھر کے لوگوں میں اب یہ شعور بھی اجاگر ہو رہا ہے کہ انہیں اپنے اردگرد کا ماحول صاف ستھرا رکھنا ہے تاکہ وہ اور ان کی آنے والی نسلیں آلودگی سے محفوظ رہ سکیں۔ اس نئی سوچ کی وجہ سے اب لوگ ایسی اشیا کے استعمال سے گریز کر رہے ہیں جو ماحول دشمن ہوں اور ان سے آلودگی پھیلنے کا خدشہ ہو جیسے کہ پلاسٹک اور پولی تھن وغیرہ۔ اس سوچ کی وجہ سے لوگ اب ایسی پروڈکشن کی طرف راغب ہو رہے ہیں جو ماحول دوست ہوں اور انہیں استعمال کے بعد ری سائیکل بھی کیا جا سکے تاکہ دنیا کے قدرتی وسائل کو محفوظ رکھا جا سکے۔

آنے والے سالوں میں یہ دنیا ایک نئی دنیا ہو گی جہاں پلاسٹک کی جگہ عام پیپر کی اشیا ہر طرف نظر آئیں گی جو نہ صرف کم خرچ اور دیرپا ہوں گی بلکہ ماحول دوست بھی ہوں گی۔ ان اشیا میں گھریلو مصنوعات سے لے کر دفتری اور صنعتی اداروں میں استعمال ہونے والی اشیا تک شامل ہوں گی اور پیپر نہ صرف عام استعمال بلکہ مشروبات اور بھاری اشیا کی پیکنگ اور پرزہ جات تک میں اپنا رول ادا کرتا نظر آئے گا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## نیشنل بک فاؤنڈیشن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:1613/HSF-71/2023

قرآن مجید کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:10 جولائی 2023ء

برائے رابطہ:6۔ماؤ ایریا، G-8/4، اسلام آباد۔

فون:051-9260391-9261533

برائے رابطہ:: سوک سینٹر، نزد ٹیلی فون ایکسچینج، مصطفیٰ ٹاؤن لاہور۔

فون:042-9260012

برائے رابطہ: بریلی کمپلیکس بلڈنگ، نزد پی ٹی وی اسٹیشن، کراچی۔

فون:021-99231762-99231089

## ہیڈکوارٹر فرنٹیئر کور ساؤتھ کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر سائز 23x36,27x17,70 اور 68 گرام، پیپر A4 اور F4 سائز، فینسی پیپر، ایوری کارڈ اور اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:6 جولائی 2023ء

برائے رابطہ: اسٹیبلشمنٹ آفیسر، بلوچستان۔

فون:0852-412786

## پی آئی اے لاہور کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:LHE/SCM/Stationery/2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:5 جولائی 2023ء

برائے رابطہ: سپلائی چین مینجمنٹ سیکشن، پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہور۔

فون:042-99034-4657-4511-4680




## کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:

CM/MS/KMC/S&P/44/26/2022-23

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:26 جون 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر (کنٹریکٹ مینجمنٹ) آفس، میونسپل سروسز ڈیپارٹمنٹ، دوسری منزل، کمرہ نمبر۔19، کے ایم سی ہیڈ آفس، ایم اے جناح روڈ، کراچی۔

فون:021-99215795

## فیڈرل جیوڈیشل اکیڈمی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:26 جون 2023ء

برائے رابطہ: ایڈمنسٹریٹو آفیسر آفس، سروس روڈ ساؤتھ، سیکٹر H-8/4، اسلام آباد۔

فون:051-926987/9269674

## وفاقی ٹیکس محتسب کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:26 جون 2023ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن)، اسٹیٹ انٹرپرائزز کمپلیکس، A-5، شاہراہ دستور، اسلام آباد۔

فون:051-9212437

## نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:27 جون 2023ء

برائے رابطہ: ایگزیکٹو ڈائریکٹر آفس، شاہراہ جمہوریت آف شاہراہ دستور، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد۔

فون:051-9207386/9216793

## اوکاڑہ یونیورسٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

آنسر شیٹس، تعداد:120000 عدد

پیپر لفافے، تعداد:2000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:23 جون 2023ء

برائے رابطہ: ٹریژرار آفس، 2-km، ملتان روڈ، رینالہ خرد بائی پاس، اوکاڑہ۔

فون:044-2636060

# درست معلومات کی عدم فراہمی، برآمدکنندگان پر جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کلکٹریٹ آف کسٹمز (ایکسپورٹ) پورٹ محمد بن قاسم نے ایکسپورٹرز کی جانب سے گڈز ڈیکلریشن میں مکمل تفصیلات نہ دینے پر جرمانے عائد کرنے کا آغاز کردیا ہے۔کلکٹریٹ کے مطابق ایکسپورٹرز جو کہ مینوفیکچرنگ بانڈ، ڈی ٹی آر ای اور ایکسپورٹ ساختہ یونٹ کے تحت جی ڈی فائل کرتے ہوئے ایکسپورٹ کمرشل ٹرانزیکشن کے ٹائپ کو ڈکلریشن میں ظاہر کررہے ہیں، یہ کسٹم ایکٹ 1969ء کے سیکشن (I) 131 کی خلاف ورزی ہے۔ قانون کے تحت ایکسپورٹر کو درست اور مکمل ڈیکلریشن فراہم کرنا ضروری ہے۔اس کے علاوہ کئی کیسز میں جی ڈی کے ساتھ اینالائسز کارڈ فراہم نہیں کئے جاتے جس کی وجہ سے ایگزامنیشن اور اسسمنٹ آفیسرز کو اصل خام مال کے استعمال اور ان پٹ خام مال جو کہ کارڈ کے تحت جائز ہے، کو ویری فائی کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔کلکٹریٹ کا مزید کہنا ہے کہ جی ڈی میں ڈی ٹی آر ای کی سہولت کلیم کرتے ہوئے بھی معلومات درست فراہم نہیں کی جارہی ہیں۔کئی کیسز میں امپورٹ میٹیریل جو کہ ایکسپورٹ گڈز میں استعمال ہوتے ہیں، ان کو "نان ڈیوٹی پیڈ اشیاء انفارمیشن" میں جی ڈی کے ساتھ منسلک کردیا جاتا ہے، جبکہ کئی دوسرے کیسز میں یہ معلومات ہی نہیں ہوتی۔اس کی وجہ یہی ہے کہ ایکسپورٹرز معلومات نان ڈیوٹی پیڈ آئٹمز معلومات میں درست فراہم نہیں کررہے۔کلکٹریٹ نے ایکسپورٹرز کو خبردار کیا ہے کہ آئندہ سے اگر یہ معلومات درست طور پر فراہم نہیں کی جاتی تو ایسی صورت میں ان کے خلاف کنٹراونشن رپورٹ تیار کرکے جرمانے عائد کئے جائیں گے۔

# 50 کروڑ کی جعلی انوائسز بنانے والے ملزم کی بیرون ملک فرار کی کوشش ناکام

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے جعلی اور فلائنگ انوائسز کے غیرقانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے ان کے بیرون ملک فرار ہونے کی کوششیں ناکام بنادی ہیں۔ایف بی آر کے ماتحت ادارے انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن آئی آر کراچی نے اس ضمن میں امیگریشن حکام کو آن بورڈ لے لیا ہے۔ذرائع نے بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ کی مذکورہ حکمت عملی اختیار کیے جانے سے حال ہی میں قومی خزانے کو 50 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا نقصان پہنچانے والے جعلی/فلائنگ انوائس اسکینڈل میں نامزد ملزم جو کہ اس اسکینڈل کا مبینہ طور پر ماسٹر مائنڈ ہے، کی بیرون ملک فرار ہونے کی کوشش کو ناکام بنایا گیا ہے۔جعلی اور فلائنگ انوائس اسکینڈل کے ماسٹر مائنڈ کے بارے میں مصدقہ اطلاع پر استغاثہ نے اسپیشل جج کسٹم اینڈ ٹیکسیشن کراچی کی عدالت میں ملزم کا پاسپورٹ اٹیچ کرنے کے لیے درخواست دائر کی تھی۔ذرائع نے بتایا کہ نامزد ملزم نے ہائی کورٹ سے حفاظتی ضمانت اور پھر ٹرائل کورٹ سے عبوری ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کی ہوئی ہے اور وہ تفتیش میں شامل نہیں ہورہا۔عدالت نے درخواست پر سماعت کے بعد ڈائریکٹر ایف آئی اے امیگریشن اینڈ پاسپورٹ کراچی سے رپورٹ طلب کرنے کا حکم اور ملزم کو نوٹس جاری کرتے ہوئے تفتیش میں شامل ہونے کی ہدایت کی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# درآمدی قیمتوں کی تصدیق کے لئے "انٹرنیٹ" استعمال کیا جارہا ہے' رمضان بھٹی

## تجارتی تنظیموں کے مشورے کے بغیر قیمتوں کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا' صحافیوں سے بات چیت

